# عدت وفات کتنی ہے اور اس کی کیا پابندیاں ہیں ؟

الحمدللہ والصلوۃ والسلام علی رسول اللہ

الاستفتاء: کیا فرماتے ہیں علمائے دین ومفتیانِ شرع متِین اس مسئلہ کے بارے میں کہ ایک عورت جس کا شوہرفوت ہوجائے اس کی عدت کتنی ہے اور اس کے لیے کیا پابندیاں ہیں اور کیا وہ اپنے فیملی میمبرز کو مل سکتی ہے ٍ ؟

سائل:شاہد اور حلیمہ فرام لیڈز - انگلینڈ

بسم اللہ الرحمن الرحیم

الجواب بِعَونِ المَلِکِ الوَھاب اللھم ھدایۃَ الحَق والصواب

جس عورت کا شوہر فوت ہوجائے اوراسےحمل نہ ہوتو اس کی عدت چار مہینے دس دن ہے یعنی دسویں رات بھی گزرجائے تو عورت عدت سے فارغ ہوجائے گی جیسا کہ قرآن میں ہے -

وَالَّذِیۡنَ یُتَوَفَّوۡنَ مِنۡکُمْ وَیَذَرُوۡنَ اَزْوَاجًا یَّتَرَبَّصْنَ بِاَنۡفُسِہِنَّ اَرْبَعَۃَ اَشْہُرٍ وَّعَشْرًا: اور تم میں جو مریں(مرجائیں ) اور بیبیاں چھوڑیں وہ چار مہینے دس دن اپنے آپ کو روکے رہیں-

(البقرۃ: 234)

اورایسی عورت پر پابندیوں کے حوالے سے عرض ہے کہ اس پر سوگ واجب ہےاورسوگ کا مطلب یہ ہے کہ زینت(بننے ،سنورنے) کو ترک کرے یعنی ہر قسم کے زیور اور ہر قسم کے ریشم کے کپڑے اگرچہ سیاہ ہوں نہ پہنے اور بدن یا کپڑوں میں خوشبو استعمال نہ کرے اور نہ تیل کا استعمال کرے اگرچہ اُس میں خوشبو نہ ہواور کنگھی نہ کرے اور سیاہ سرمہ اور مہندی نہ لگائے اور سرخ رنگ کا کپڑا نہ پہنے ۔الغرض ہر وہ کام جو زینت کے تحت آتا ہے اس کا ترک واجب ہے۔

جیسا کہ درمختار مع ردالمحتار میں ہے:

**(تَحُدُّ أَيْ وُجُوبًا مُكَلَّفَةٌ مُسْلِمَةٌوَلَوْ أَمَةً مَنْكُوحَةٌبِتَرْكِ الزِّينَةِ) بِحُلِيٍّ أَوْ حَرِيرٍ، أَوْ امْتِشَاطٍ بِضَيِّقِ الْأَسْنَانِ (وَالطِّيبِ) وَإِنْ لَمْ يَكُنْ لَهَا كَسْبٌ إلَّا فِيهِ (وَالدُّهْنِ) وَلَوْ بِلَا طِيبٍ كَزَيْتٍ خَالِصٍ (وَالْكُحْلِ وَالْحِنَّاءِ وَلُبْسِ الْمُعَصْفَرِ وَالْمُزَعْفَرِ) وَمَصْبُوغٍ بِمَغْرَةٍ، أَوْ وَرْسٍ"**

**(**''الدرالمختار''، کتاب الطلاق، فصل في الحداد، ج۵، ص۲۲۱**)**

اور شوہر کی موت کے وقت جس گھر میں عورت کی رہائش تھی اس گھر سے اسے نکلنے کی اجازت نہیں نہ دن میں نہ رات میں جبکہ مسلمان ، آزاد ،عاقلہ، بالغہ ہو اگرچہ شوہر نے اُسے باہر نکلنے کی اجازت بھی دی ہو۔جیسا کہ درمختار میں ہے۔

**"وَلَا تَخْرُجُ مُعْتَدَّةُ رَجْعِيٍّ وَبَائِنٌ لَوْ حُرَّةً مُكَلَّفَةً مِنْ بَيْتِهَا أَصْلًا لَا لَيْلًا وَلَا نَهَارًا"**اور اسی میں ہے **وَتَعْتَدَّانِ أَيْ مُعْتَدَّةُ طَلَاقٍ وَمَوْتٍ (فِي بَيْتٍ وَجَبَتْ فِيهِ) وَلَا يَخْرُجَانِ مِنْهُ"**

(''الدرالمختار''،کتاب الطلاق، فصل في الحداد، ج۵، ص۲۲۷)

لہذا وہ عورت عدت کے دوران اس گھر سے باہر نکل کر کسی کو ملنے نہیں جاسکتی۔ ہاں کسی محرم رشتے دار سے اسی گھر میں رہتے ہوئے ملنے میں حرج نہیں ہے۔

واللہ تعالی اعلم ورسولہ اعلم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

کتبہ ابو الحسن محمد قاسم ضیاء قادری

**QUESTION:**

**What do the scholars of the Din and muftis of the Sacred Law state regarding the following issue: What is the time period of ‘Iddah for a women whose husband has passed away, and what restrictions does she have - can she meet her relatives?**

Questioner: Shahid and Haleemah from England

**ANSWER:**

بسم الله الرحمن الرحيم
الجواب بعون الملک الوھاب اللھم ھدایۃ الحق والصواب

The ‘Iddah [waiting period] for a woman whose husband has passed away four months and ten days[1] i.e. once the tenth night has passed, provided she is not pregnant; the waiting period of a widow will thereby be complete. Just as is stated in the Holy Qur’ān,

{الَّذِیْنَ یُتَوَفَّوْنَ مِنْكُمْ وَیَذَرُوْنَ اَزْوَاجًا یَّتَرَبَّصْنَ بِاَنْفُسِهِنَّ اَرْبَعَةَ اَشْهُرٍ وَّعَشْرًا}

{And those amongst you who die leaving wives behind, they (widows) shall restrain themselves for four months and ten days}

[Sūrah al-Baqarah, 234]

With regards to the restrictions for such woman, it is wājib for her to mourn, and the meaning of mourning is for her not to beautify herself (e.g. makeup, jewellery) i.e. her not wearing any type of jewellery or silk clothing - even if of a black colour. She is also not to wear any perfume[2] on her body or clothes, nor apply any oil - even if it is not of the scented kind - nor use a comb, nor apply any black surmah [kohl] or mehndi [henna], nor any red clothing. In short, it is wājib to avoid anything which falls under the definition of beautifying.

Just as it is stated in Durr Mukhtār along with Radd al-Muhtār,

"تَحُدُّ أَيْ وُجُوبًا مُكَلَّفَةٌ مُسْلِمَةٌوَلَوْ أَمَةً مَنْكُوحَةٌبِتَرْكِ الزِّينَةِ) بِحُلِيٍّ أَوْ حَرِيرٍ، أَوْ امْتِشَاطٍ بِضَيِّقِ الْأَسْنَانِ (وَالطِّيبِ(
وَإِنْ لَمْ يَكُنْ لَهَا كَسْبٌ إلَّا فِيهِ (وَالدُّهْنِ) وَلَوْ بِلَا طِيبٍ كَزَيْتٍ خَالِصٍ (وَالْكُحْلِ وَالْحِنَّاءِ وَلُبْسِ الْمُعَصْفَرِ
(وَالْمُزَعْفَرِ) وَمَصْبُوغٍ بِمَغْرَةٍ، أَوْ وَرْسٍ"

[al-Durr al-Mukhtār, vol 5, pg 221]

A Muslim woman who is free i.e. not a slave, able to comprehend, and mature is not permitted to leave the house she was living in when her husband passed away - neither during the day, nor at night, even if the husband permitted her to leave during his lifetime. Just as it is stated in Durr Mukhtār,

"وَلَا تَخْرُجُ مُعْتَدَّةُ رَجْعِيٍّ وَبَائِنٌ لَوْ حُرَّةً مُكَلَّفَةً مِنْ بَيْتِهَا أَصْلًا لَا لَيْلًا وَلَا نَهَارًا"

With the following mentioned alongside it,

"وَتَعْتَدَّانِ أَيْ مُعْتَدَّةُ طَلَاقٍ وَمَوْتٍ (فِي بَيْتٍ وَجَبَتْ فِيهِ) وَلَا يَخْرُجَانِ مِنْهُ"

[al-Durr al-Mukhtār, vol 5, pg 227]

Thus, a widow cannot leave this home during ‘Iddah in order to meet someone; yes, there is no problem in a Mahram visiting her while she is in this house.

[1] according to the lunar calendar

[2] This does not mean that she avoids basic hygiene, for instance, she may wear an anti-perspirant in order to avoid [the smell of] perspiration.

واللہ تعالی اعلم ورسولہ اعلم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
کتبہ ابو الحسن محمد قاسم ضیاء قادری

**Answered by Mufti Qasim Zia al-Qadiri**
Translated by Haider Ali